پب کو مسجد بنالیا گیاہوتو وہاں نماز کا حکم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا پب کو مسجد بنایا جاسکتا ہے اور اس مسجد میں نماز پڑھنا جائز ہے جو پہلے پب (Pub) ہوا کرتی تھی دلیل سے وضاحت فرمادیجئے ؟

سائل:عدیل فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

جی ہاں !پَب (انگریزوں کا شراب خانہ)کو خرید کر مسجد میں بدلا جاسکتا ہے ۔جس پَب کو مسجد بنالیا گیا وہاں نماز پڑھنا بالکل جائز ہے اب وہ مسجد ہوچکی ہے اور اس پر مسجد کے سارے احکام لگیں گے ۔جو جگہ مسجد نہ ہو جب وہاں نماز پڑھنا جائز ہے تو جو مسجدہو وہاں تو بقدرِ اولی نماز جائز۔آج جس جگہ مسجدِ نبوی موجود ہے وہ ایک باغ تھا اور اس میں مشرکین کی قبریں تھی نبی کریم نے ان کو اکھڑوا کر اسے مسجد شریف میں بدل دیا جیسا کہ بخاری شریف میں ہے۔

فَقَالَ أَنَسٌ: فَكَانَ فِيهِ مَا أَقُولُ لَكُمْ قُبُورُ الْمُشْرِكِينَ وَفِيهِ خَرِبٌ وَفِيهِ نَخْلٌ، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُبُورِ الْمُشْرِكِينَ فَنُبِشَتْ"حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں جیسا کہ تمہیں بتا رہا تھا یہاں مشرکین کی قبریں تھیں، اس باغ میں ایک ویران جگہ تھی اور کچھ کھجور کے درخت بھی تھے پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کی قبروں کو اکھڑوا دیا۔

(صحیح البخاری ، کتاب الصلٰوۃ ، باب ھل تنبش قبور مشرکی الجاھلیۃ... الحدیث: ۴۲۸،ج۱، ص۱۶۵)

جب مشرکوں کا قبرستان مسجد میں بدلا جاسکتا ہے تو پَب کیونکر مسجد نہیں بنایاجاسکتا ہے۔لہذا پَب کو خرید کر مسجد بنانا بالکل جائز ہےاور اس کی آبادکاری مسجدوں کی طرح ضروری ہے لہذا مسلمانوں کو چاہیے کہ اس میں نمازیں پڑھیں اور اسے آباد کریں۔

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہُ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date: 01-10-2017

RULING REGARDING PRAYING IN A MASJID THAT WAS PREVIOUSLY A PUB

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars and muftis of the noble Shari'ah say regarding the following matter; can a pub be converted into a masjid? Is it permissible to pray in a masjid that was previously a pub? Please explain along with proofs.

Questioner: Adeel from England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

Yes, a pub building can be purchased and converted into a masjid. It is completely permissible to pray in a pub that has been converted into a masjid. It is now a masjid and all the rulings of a masjid will be applicable to it. Since it is permissible to offer salah in a place that is not a masjid, it is permissible in a preferred way to offer salah in a masjid.

The place where the Prophet's Mosque exists today was previously a garden and it consisted of graves of polytheists. The Holy Prophet ﷺ removed them and turned that place into a masjid.

It is recorded in Sahih al-Bukhari:

فَقَالَ أَنَسٌ: فَكَانَ فِيهِ مَا أَقُولُ لَكُمْ قُبُورُ الْمُشْرِكِينَ وَفِيهِ خَرِبٌ وَفِيهِ نَخْلٌ، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُبُورِ الْمُشْرِكِينَ فَنُبِشَتْ

Translation: Anas said: "There were graves of pagans in it and some of it was unleveled and there were some date-palm trees in it. The Prophet ﷺ ordered that the graves of the pagans be dug out." [Sahih al-Bukhari, hadith no. 428]

If a graveyard of polytheists can be turned into a masjid, then why can't a pub be converted into one? Thus, it is completely permissible to purchase a pub building and convert it into a masjid. It is necessary to populate it like other masjids. Therefore, Muslims must offer prayers in it and populate it.

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by the SeekersPath Team